سوال

(2399) نفاس کا خون اگر چالیس دن سے پہلے رک جائے تو کیا حکم ہے ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واضح رہے کہ نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے اور کم سے کم کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ لہذا صورت مسئولہ میں نفاس کا خون آنے کے بعد نظر آنے والی خالص سفید رطوبت نفاس شمار نہیں ہوگی، بلکہ یہ نفاس ختم ہونے کی علامت ہے۔ اس دوران عورت پر نماز روزہ لازم ہے، البتہ اس سفیدی کے کپڑوں یا بدن پر لگ جانے سے اسے دھو لیا جائے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی